نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت حسین جہانیاں گردیزی کی کبیر والا ضلع خانیوال میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے منعقدہ کسان کنونشن میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت۔محکمہ زراعت کے افسران اور کثیر تعداد میں کاشتکاروں کی شرکت

امسال گندم کے پیداواری ہدف کا حصول ملکی فوڈ سیکیورٹی کے لئے ناگزیر ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور یکم نومبر 2022:( ) امسال صوبہ پنجاب کیلئے گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس سے 2 کروڑ 10 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کے حصول کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔گندم کی فصل کو منافع بخش بنانے کیلئے بوائی سے قبل ہی اس کی امدادی قیمت بڑھا کر 3000 روپے فی من مقرر کر دی گئی ہے تاکہ کاشتکار گندم کو ایک منافع بخش فصل کے طور پر زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت نے محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں کبیر والا ضلع خانیوال میں منعقدہ کسان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی فصل ملکی فوڈ سیکیورٹی کے حصول کیلئے ناگزیر ہے اور اس ضمن میں پنجاب کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے جو گندم کی ملکی مجموعی پیداوار کا تقریباً 75 فیصد ہے۔امسال گندم کی زیادہ پیداوار کے لئے جاری مہم کو کامیاب بنانے کے لئے زراعت توسیع کے کارکنان اور زرعی یونیورسٹیوں کے طلبا و طالبات ایک قومی جذبے کے تحت کاشتکاروں کی فیلڈ میں معاونت کر رہے ہیں تاکہ ملکی فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔وزیر زراعت نے مزید کہا کہ گزشتہ سال ضلع خانیوال میں 5 لاکھ 31 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت ہوئی جس سے 7 لاکھ 92 ہزار میٹرک ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔اُمید ہے کہ امسال کاشتکار اس سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کر کے پیداوار میں مزید اضافہ کریں گے۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ امسال گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو منظور شدہ اقسام کا بیج، جڑی بوٹی مار زہریں اور جدید زرعی مشینری سبسڈی پر فراہم کی جا رہی ہے تاکہ گندم کے پیداواری ہدف کو یقینی بنایا جا سکے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت کا شتکاروں کو یقین دلایا کہ امسال حکومت گندم کا ایک ایک دانہ خرید کرے گی اور گندم کی زیادہ کاشت کسانوں کے لئے منافع بخش ثابت ہو گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ڈاکٹر فیصل ظہور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت گندم کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے پرعزم ہے۔زیادہ گندم اگاؤ مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔کاشتکار حکومت کی جانب سے زرعی مداخل پر دی جانیوالی سبسڈی کی سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں تاکہ گندم کو منافع بخش فصل بنانیکے ساتھ ساتھ پیداواری ہدف بھی حاصل ہو سکے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی نے کہا کہ محکمہ زراعت کاشتکاروں کی فنی رہنمائی میں مصروف عمل ہے اور کاشتکاروں کو گندم کی جدید ٹیکنالوجی بارے تربیتی پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے۔ڈویژن اور ضلعی سطح پر میگا فارمرز کنونشن/سیمینارز کا انعقاد کیا جا رہا ہے اور محکمہ زراعت پرعزم ہے کہ اس سال پیداواری ہدف سے زائد گندم حاصل کریں گے۔ہنڈ آر اینڈ ڈی نجی کھاد کمپنی آصف علی نے کہا کہ کھادوں کے متناسب استعمال سے گندم کی اوسط پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکتا ہے۔سیمینار میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس جنوبی پنجاب امتیاز احمد وڑائچ، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر، ڈائریکٹر زراعت توسیع شہزاد صابر، چیف کمرشل آفیسر نجی کھاد کمپنی نادر گیلانی سمیت کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆